جیمنی چترکا تیار کردہ

بہت دن ہوئے

बहुत दिन हुए

ادا کاران۔ مدھوبالا۔ رتن کمار کیلاش آغا



سینما سمبندھی ہر قسم کی کتابیں و فوٹو ملنے کا صرف ایک ہی مقام
شری نارائن پستکالیہ لال کٹڑہ لاہوری گیٹ دھلی

سٹوری :۔ بہت دن ہوئے ایک راجہ تھا۔ اُس کے دو رانیاں تھیں۔ جنمیں بڑی رانی شانت بہت اچھی عادت والی تھی۔ اور چھوٹی رانی مغرور بڑی رانی کو ناگ راج سے پس شرط پر دان ملا تھا کہ تمہیں بچی پیدا ہوگی لیکن اُسکے بدلے تمہیں اپنے پران سے ہاتھ دھونا پڑیگا۔ رانی کے بچی ہوئی اور ناگ راج لئے وچن کے مطابق رانی کے پران لے لئے۔ آگے...

گانے

ہل مِل پُوجے ناگ دیوتا سُکھ سمپت گھر آئے
لے ری لے ری موری اماں دُکھ سنکٹ مٹ جائے سُکھ....
دھرتی کا سنگار سبھی جگنوں کے کلج کرے۔ نینوں میں مود بھرا اور سُونی گود بھرے
ناگ دیو کو پریم سے جو کوئی دودھ پلائے۔ پُورن ہو من کا منا گود ہری ہو جائے
جے جے فنی دھر جے جے منی دھر۔ جے دِش دھاری اوتاری
جے ناگ دیو بلہاری

نمبر ۲

مہارانی ہوئی ہے تجا رانی ہمارے بھاگ جاگے ہو
چندرمکھی کنیا سُکھماری۔ راج دُلاری اتی پیاری
واری واری میں بلہاری۔ راجکماری سُکھ کاری۔
جے بھوانی ہوئی ہے من مانی ہمارے بھاگ جاگے ہو۔

محلوں میں زچہ رانی رس بسے یہ کُل کا مان بڑھائے
اجی پھلواری کھلائے
راجکماری جیسے جنک دُلاری رگھوبر سا گھر پائے۔
دیپ جلاؤ ری۔ آؤ منگل گاؤ ری۔ آؤ دیپ جلاؤ ری

نمبر ۳

ہولے ہولے جھولے ہو جھولا میری لاڈو پیاری مُنیا پیاری
جُھولے ہو جھولا جُھولے ہو۔ پہلے جھولے پائل جھلائے
اماں منگل گائے جی
دُوجے جُھولے بھیا جُھلائے۔ بھابھی ناک چڑھائے جی۔ ہولے ہولے...

نمبر ۴

اماں اماں میں کس کو کہوں اماں مجھے کون کہے بِٹیا
میں بھرن لگی گگری میرے نیناں بھر آئے۔
میں روٹھوں تو کس سے ہے کون جو مجھے منائے۔ روتی ہے تیری مُنیا
نام سے کسی کی ملا بچپن کے زمانے میں
کیوں جنم دیا جننی جو چھوڑ کے جانا تھا
اتنا تو بتانا تھا سُونی ہے میری دنیا

نمبر ۵

بِٹیا میری آشا بھری کب گائے گی

بہت دن ہوئے

جیون کی بگیا میں مہک کب آئے گی
کیوں چمیلی کھل کھلاتی ہے بتا۔ کملنی کیوں مسکراتی ہے بتا
پورنیما کب چمکتی ہے بتا۔ کب کہانی گیت بنتی ہے بتا
کب دیوالی جگمگاتی ہے بتا۔ کیوں چمیلی ....

نمبر ۱۹

مہاراجہ امر رہے امر رہے مہارانی۔ یہ سیارام کی جوڑی جی امر رہے مہارانی
مہاراجہ مورے راج تمہارا اٹل رہے گا ترِبھون میں
مہارانی موری بھاگ تمہارا اچل رہے گا ترِبھون میں

نمبر ۲۰

چندا چمکے نیل گگن میں۔
چندا چمکے نیل گگن میں۔ پریتم چمکے مورے نینن میں
چندا رجنی کو چمکائے رجنی کے من چندا بھائے
ساجن آئے من مندھوبن میں۔ چندا چمکے .....
سندھیا رانی جب گھر جاتی۔ چھم چھم کرتی رجنی آتی
رس برساتی مورے آنگن میں۔ چندا .....

نمبر ۲۱

ادسیاں تیرے پریم کی دیوانی بن آئی ہوں
دیوانی بن آئی ہوں مستانی بن آئی ہوں

کیسی اُداسی ساجن مُکھ پر چھائی۔ من کی بگیا رسیا کیوں مُرجھائی
تیری اُمنگوں کی کہانی بن آئی ہُوں۔
من میں سما جا میرے سپنوں کے راجہ۔ بنکے نینوں کا کاجل نینوں میں آجا
راجہ تیرے سپنوں کی رانی بن آئی ہُوں۔

نمبر ۹

رنگ محل میں بسنت چھایا آیا دِوس سُہانا
پریت گیت اور راگ بھاگ کا آیا سرس زمانہ۔
اجی سج دھج کر سب آؤ۔ اجی مِل جُل کر سب گاؤ۔

نمبر ۱۰

میں ہُوں رُوپ کی رانی ہو سجنی جا دوُ ہے میری جوانی
میں ہُوں پُونم کی چاندنی میں ہُوں دیپک کی راگنی
جل جاتے مجھ پر پروانے رہتی راکھ نشانی۔ او سجنی۔۔۔۔
پیا گئے مجھ لے پیاس رے۔ ہائے کیسی جھُوٹی آس رے
چاند چھوڑ کے ریجھے تارے پر یہ کیسی نادانی۔ او سجنی۔۔۔

نمبر ۱۱

بہت دِن کی بات سُنو جی راما بہت دِن کی بات
مات پِتا کا جھگڑا پڑا ایک ہو گیا نِردن کمار۔

لیگیا تیر سنہ کر لنے اُن کو کندھے دھری کنوار
سارے جگ میں جس چھایا ہے تم ہی نہ جاتے بُھیو..

نمبر ۱۲

ڈیجے :- اماں اماں تو کہاں گئی
چندر کانتا :- میرے لعل کہاں ہے تو کیوں چھپ گیا مجھ سے
میری گود ترپتی ہے من میرا روتا ہے - بھگوان بھی سوتا ہے
ڈیجے :- اماں اماں :... چندر :- بھگوان نے دیکے دکھ دیے ہمیں بانٹے
" :- نینوں میں بھرے آنسو اور پاؤں میں کانٹے
چندر :- میری اُجڑی ہوئی بگیا - ڈیجے :- میری درد بھری دُنیا
" :- ہم نے نہ کبھی دیکھا سُکھ کیسا ہوتا ہے

نمبر ۱۳

وہ چلا اکیلا زجن بن میں ماں کا آشیرباد لئے
سورج چندر تارے چمکے تب تک وہ ماں کا لعل جیئے ۔
ٹوٹے نہ دودھ کے دانت ابھی نادان سکول بالک ہے
وہ آندھی اور طوفان کسی سے نہیں ڈریگا ۔
ماتا کی رکشا کے ہت آگے پاؤں دھریگا ۔ وہ چلا اکیلا ....

نمبر ۱۴

ناگن لیلو جی کوئی ناگن لیلو ۔

کلی جانے لیلو میٹھی لیلو اور لیلو رسدار ۔ اِس کی کلی کلی ہیں بھر لائی میں دل کا پیار
نہ دیکھو سیّاں میرا رنگ ۔ نارنگی دیکھو دیکھو یہ نارنگی دیکھو
آجائے دِلیں جو ترنگ تو نارنگی دیکھو یہ نارنگی دیکھو ....

نمبر ۱۵

سُواگت راجکمار تمہارا سواگت راجکمار
یہ اکھیاں متوالی کب سے رہی ہیں باٹ نہار ۔ سواگت راجکمار ....
آؤ بیٹھو تن ہنڈولے پون بیگ سے جھولو
تم پیارے مہمان ہمارے ۔ آؤ سب کچھ بھولو ۔

نمبر ۱۶

گجانن بھوت گن آدی سیوتم ۔ کپتھ جمبو پھل سار بھکشتم
اُما سُتم شوک وناشن کارنم نمامی وگھنیشور پاد پنکجم
ہے گنپتی گن نایک گنپتی دیا کرو دیا کرو میری بپت ہرو ۔
ہے وگھنیشور منگل کرتا ہے لمبودر سب دکھ ہرتا
تمہری آس وشواس رکھو میری جھولی بھرو ۔ دکھ دور کرو میری ..

نمبر ۱۷

شُبھ منگل دن آیا انتو جیا لہرایا ۔ بجتے ہوئے عب دیپ جلے گھر گھر بجے گلے ملے
آنند آج چھایا ۔ شُبھ منگل دن آیا ......

(ختم شد)

یہ نسخہ ایک مہاتما کا بنایا ہوا ہے۔ اسکی پہلی خوراک ہی اپنا اثر دکھاتی ہے۔

بل داتا

پنجاب سرکار سے رجسٹرڈ نمبر ۹۲۶ چکتسک ویدوشارد پنڈت ہری لعل شرما کی تیار شدہ

جریان۔ احتلام نیز کمزوری کی تیر بہدف دوا

ہر انسان کی صحت و تندرستی کا دار و مدار اسکی منی پر منحصر ہے لیکن بری صحبت، کثرت مجامعت و رات رات بھر جاگنا وغیرہ وجوہات سے منی میں گرمی پہنچکر وہ پتلی ہو جاتی ہے جس سے جریان، احتلام۔ پیشاب یا پاخانہ کے ساتھ دھات کا جانا۔ کمر یا ریڑھ کی ہڈی میں درد ہونا۔ دل و دماغ کمزور وغیرہ شکایات پیدا ہو جاتی ہیں۔ "بل داتا" ان تمام امراض کو دفع کرنے میں اپنا ثانی نہیں رکھتا۔ دس روز استعمال کرنے سے منی گھی کی طرح جم جاتی ہے۔ تیس روز استعمال کرنے کے بعد تمام عمر یہ بیماریاں کبھی نہیں ہوتیں۔ قیمت ۳۰ روز کا پورا کورس ۲/۹/۱

ڈاک محصول ۱/۱۱

ملنے کا پتہ

ہری شنکر فارمیسی (M) دل کٹرہ لاہوری گیٹ دہلی